ابتدائی طلبا و طالبات کو نحو کے قواعد
یاد کرانے کے لیے مختصر مگر جامع کتاب

# قواعِدُ النَّحو


مرتب
محمد اسمٰعیل عبداللہ
مُدرس جامعہ دار العلوم بلتستان غواڑی


www.kitabosunnat.com

تصحیح : ڈاکٹر سعید اِقبال قریشی حفظہ اللہ

نظر ثانی : شیخ الحدیث مولانا عبد السلام بھٹوی حفظہ اللہ
مولانا عبد الصمد ریالوی حفظہ اللہ

دار الکتب السلفیة

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

ابتدائی طلبا و طالبات کو نحو کے قواعد
یاد کرانے کے لیے مختصر مگر جامع کتاب

# قواعد النحو

محمد اسمٰعیل عبداللہ
مدرس جامعہ دار العلوم ملتان غوری

www.KitaboSunnat.com

تصحیح : ڈاکٹر سعید اقبال قریشی حفظہ اللہ

نظرثانی : شیخ الحدیث مولانا عبدالسلام بھٹوی حفظہ اللہ
مولانا عبدالصمد رپالوی حفظہ اللہ

دار الکتب السلفیہ ۔ شیش محل روڈ ۔ لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب: ------- قواعد النحو

مرتب: ------- مولانا محمد اسماعیل عبداللہ حفظہ اللہ

طبع اول: ------- ستمبر 2007

تعداد: ------- 1000

قیمت: ------- -/40روپے

ناشر: ------- دار الکتب

## ملنے کے پتے

| | |
|---|---|
| لاہور | دار الفرقان، الفضل مارکیٹ ۞ اسلامی اکیڈمی، الفضل مارکیٹ<br>نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ ۞ مکتبہ قدوسیہ، غزنی سٹریٹ<br>مکتبہ اسلامیہ، غزنی سٹریٹ ۞ کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ |
| فیصل آباد | مکتبہ اسلامیہ، امین پور بازار ۞ مکتبہ اہلحدیث امین پور بازار |
| ملتان | دار السلام، بیرون بوہڑ گیٹ ۞ فاروقی کتب خانہ، بیرون بوہڑ گیٹ |
| گوجرانوالہ | والی کتاب گھر، اردو بازار، گوجرانوالہ |
| چیچہ وطنی | اسلامی کتب خانہ، ڈاکخانہ بازار، چیچہ وطنی ساہیوال |

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 5 |
| تقریظ | 6 |
| قواعد النحو | 8 |
| بعض ضروری اصطلاحات | 8 |
| قاعدہ نمبر۱ مفرد و مرکب | 9 |
| قاعدہ نمبر۲ کلمہ کی اقسام | 10 |
| قاعدہ نمبر۳ مرکب/ترکیب | 11 |
| قاعدہ نمبر۴ مرکب | 12 |
| قاعدہ نمبر۵ علاماتِ اسم | 14 |
| قاعدہ نمبر۶ علاماتِ فعل | 15 |
| قاعدہ نمبر۷ علاماتِ حرف | 16 |
| قاعدہ نمبر۸ | 17 |
| قاعدہ نمبر۹ | 18 |
| قاعدہ نمبر۱۰ انواع الاعراب | 19 |
| قاعدہ نمبر۱۱ منصرف اور غیر منصرف | 22 |
| قاعدہ نمبر۱۲ تعریف اور تنکیر کے لحاظ سے اسم کی اقسام | 23 |
| قاعدہ نمبر۱۳ جنس کے لحاظ سے اسم کی اقسام | 24 |
| قاعدہ نمبر۱۴ [illegible] کی اقسام | 25 |


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | |
|---|---|
| قاعدہ نمبر ۱۵ مرفوعات | 26 |
| قاعدہ نمبر ۱۶ منصوبات | 31 |
| قاعدہ نمبر ۱۷ منادٰی | 44 |
| قاعدہ نمبر ۱۸ اسماء العدد | 45 |
| قاعدہ نمبر ۱۹ مجرورات | 48 |
| قاعدہ نمبر ۲۰ تابع | 51 |
| قاعدہ نمبر ۲۱ اسماء الافعال | 56 |
| قاعدہ نمبر ۲۲ افعال مقاربہ | 57 |
| قاعدہ نمبر ۲۳ افعال مدح وذم | 58 |
| قاعدہ نمبر ۲۴ افعال القلوب | 59 |
| قاعدہ نمبر ۲۵ عمل الافعال | 61 |
| قاعدہ نمبر ۲۶ عمل اسم فاعل | 62 |
| قاعدہ نمبر ۲۷ عمل المصدر | 63 |
| قاعدہ نمبر ۲۸ حروف عاملہ در فعل مضارع | 64 |
| قاعدہ نمبر ۲۹ فعل مضارع منصوب بان مضمرہ | 66 |
| قاعدہ نمبر ۳۰ حروف جازمہ للمضارع | 68 |
| قاعدہ نمبر ۳۱ | 70 |
| خاتمہ | 71 |
| مآخذ | 72 |


محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ اما بعد!

میں نے محترم شیخ اسماعیل عبداللہ کی تالیف قواعد النحو شروع سے آخر تک پڑھی۔ شیخ نے نحو کے قواعد نہایت آسان پیرائے میں بیان فرمائے ہیں اور اکثر قرآن مجید سے امثلہ تحریر کی ہیں۔ ہر قاعدے کے بیان کے ساتھ ایک مثال کی ترکیب بھی لکھی ہے تمرینات میں اس قاعدے کا استعمال ذہن نشین کرانے کی کوشش بھی کی ہے اور تمرینات میں بھی زیادہ تر قرآنی آیات ذکر کی ہیں۔ یہ کتاب اللہ کے فضل سے طلبہ کے لیے بہت مفید ہے۔ اور نحو کے ساتھ قرآن فہمی اور قرآن سے محبت پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ میرے دل میں ہمیشہ سے خواہش رہی کہ قرآنی مثالوں پر مشتمل صرف ونحو کی کتابیں تصنیف کر کے نصاب میں شامل کرنی چاہئیں۔ الحمد للہ اس کتاب سے یہ خواہش بہت حد تک پوری ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر عطاء فرمائے اور اس کتاب کو دنیا وآخرت میں قبولیت سے نوازے۔

عبدالسلام بن محمد بھٹوی

جامعۃ الدعوۃ الاسلامیۃ۔ مرکز طیبہ مرید کے

۲۳ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عربی زبان تمام علوم ومعارف اور فنون وحِکم کا ایک عظیم ذخیرہ اور خزینہ ہے۔ کلام اللہ العظیم اور حدیث رسول کریم ﷺ کا معجزانہ اور لامثال کلام بھی عربی میں ہی موجود ہے۔ اقوام وملل کی تواریخ اور سلاطین وممالک کے احوال واخبار کا مجموعہ بھی عربی زبان میں پایا جاتا ہے۔ اخلاق وآداب اور ادیان ومذاہب کی کتب اور دفاتر بھی عربی زبان میں ہی دستیاب ہیں۔

بنابریں عربی زبان سے استغناء اور بُعد درحقیقت علم وحکمت اور دنیا وآخرت کی ہر خیر وخوبی سے محرومیت ہے۔

کہا جاتا ہے کہ عربی زبان اور اس کے قواعد بہت مشکل اور دشوار ہیں مگر کون نہیں جانتا کہ توجہ اور لگن کے سامنے کوئی چیز حائل اور مانع نہیں ہوسکتی اگر اللہ تعالیٰ، رسول کریم ﷺ اور اہل جنت کی زبان ہونے کی روحانی نسبت ہمارے دل میں جاگزین ہوجائے تو کوئی وجہ نہیں کہ عربی زبان کی دشواری باقی رہے۔

مگر یہ بات ضرور قابل توجہ ہے کہ دلچسپی اور استعدادِ دَرجاتی کو ضرورت کو مدنظر رکھنا چاہیے اسی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ عربی زبان وقواعد نہایت سہل اور سادہ انداز میں پیش کرنے کی سعی مختلف اوقات میں ہوتی رہی۔

عام طور پر یہی سمجھا جاتا ہے کہ عربی زبان کی تدریس میں بہت بڑی رکاوٹ اس کی گرائمر ہے جو بڑے بڑے دفاتر پر مشتمل ہے اس لیے اس کو آسان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور کم کرنے کے لیے مصنف نے بھی کوشش فرمائی مگر یہ بات بالکل واضح ہے کہ جس طرح اختصار میں فصاحت ہے اسی طرح اس میں پیچیدگی اور مشکلات بھی پیدا ہو جاتی ہیں۔ مگر انہوں نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ سادہ اور عام فہم انداز میں قواعد کو پیش کیا جائے۔ بہر حال یہ کتاب مولانا صاحب کی ایک بہترین محنت وکاوش ہے جس میں امثلہ کو قرآن کریم سے پیش کرنے کی بھی حتی الامکان سعی کی گئی۔

اگر اس کے ساتھ ساتھ روز مرہ کے معمولاتِ زندگی سے طلبہ کو زیادہ سے زیادہ ذخیرۂ الفاظ اور امثلہ بہم پہنچائی جاتیں تو اس طرح بہت سے مفردات ومرکبات کو وہ سمجھ جاتے اور بول چال میں رواں ہو جاتے مگر یہ کام اساتذہ کرام دوران تدریس بھی کر سکتے ہیں۔

مصنف نے مختصر طور تقریباً اکہتر مسائل نحو بالاختصار بیان فرما دیے ہیں اور بعض مقامات پر تمارین بھی دی گئی ہیں تاکہ طلبہ میں عربی فقرات بنانے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔

عبدالصمد ریالوی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# قواعد النحو

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔

اَمَّا بَعْدُ!

## بعض ضروری اصطلاحات

حرکت: زبر دو (ـً) زیر دو (ـٍ) اور پیش دو (ـٌ) کو کہتے ہیں۔

متحرک: حرکت والے حرف کو کہتے ہیں۔

سکون: جزم کو کہتے ہیں یعنی حرف ساکن ہو اس پر کوئی حرکت نہ ہو۔

فتحہ: زبر کو کہتے ہیں۔

کسرہ: زیر کو کہتے ہیں۔

ضمہ: پیش کو کہتے ہیں۔

مفتوح: جس حرف پر زبر ہو۔

مکسور: جس پر کسرہ ہو۔

مضموم: جس پر ضمہ ہو۔

مجزوم یا ساکن: جس پر جزم ہو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱

## مفرد و مرکب

انسان کے منہ سے جو بات نکلے اسے لفظ کہتے ہیں اگر وہ لفظ با معنی ہے تو مستعمل جیسے زید اگر بے معنی ہو تو مہمل کہتے ہیں جیسے دیز

لفظ موضوع (مستعمل) کی دو قسمیں ہیں۔

### (۱) مفرد (۲) مرکب

مفرد: ایسے لفظ کو کہتے ہیں جو ایک معنی بتائے اس کو کلمہ بھی کہتے ہیں۔

مثلاً رَجُلٌ۔ فَرَسٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۲

## کلمہ کی اقسام

### کلمہ کی تین قسمیں ہیں

اسم فعل حرف

اسم۔ وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے رَجُلٌ۔ عِلْمٌ۔ مِفْتَاحٌ۔

فعل۔ وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے۔

جیسے عَلِمَ۔ يَعْلَمُ۔ نَصَرَ۔ يَنْصُرُ۔ كَرُمَ۔ يَكْرُمُ۔

حرف۔ وہ کلمہ ہے جو غیر مستقل معنی پر دلالت کرے یعنی دوسرا کلمہ ملائے بغیر اس کا معنی سمجھ میں نہ آئے جیسے مِنْ۔ اِلٰی

مثلاً سِرْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰی مَكَّةَ میں مدینہ سے مکہ گیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۳

## مرکب/ترکیب

دو یا دو سے زیادہ لفظوں کے آپس کے تعلق کو ترکیب اور اس کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں۔اس کی دو قسمیں ہیں:

### (۱) مرکب مفید ''تام'' (۲) مرکب غیر مفید ''ناقص''

مرکب مفید (تام) وہ ہے جس سے سننے والے کو کوئی خبر معلوم ہو یا اس میں کوئی حکم یا طلب پائی جائے۔جیسے صَلّٰی زَیْدٌ زید نے نماز پڑھی۔اِقْرَءِ الْقُرْاٰنَ قرآن پڑھو

مرکب غیر مفید (ناقص) وہ ہے جس سے سننے والے کو خبر یا طلب کا فائدہ حاصل نہ ہو۔جیسے کِتَابُ زَیْدٍ۔ غُلَامُ عَمْرٍو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ٤

## مرکب

مرکب مفید کو جملہ اور کلام بھی کہتے ہیں جملہ کی دو قسمیں ہیں۔

ا۔ جملہ خبریہ ۲۔ جملہ انشائیہ

جملہ خبریہ:۔ ایسے جملہ کو کہتے ہیں جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں جیسے نَجَحَ زَیْدٌ۔ زید کامیاب ہوا۔

جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) جملہ اسمیہ خبریہ (۲) جملہ فعلیہ خبریہ

### (۱) جملہ اسمیہ خبریہ:

جملہ اسمیہ خبریہ: اس جملہ کو کہتے ہیں جس کا پہلا جزء اسم ہو جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ زَیْدٌ عَلِمَ ہے زید عالم ہے اور زید نے جان لیا۔

### (۲) جملہ فعلیہ خبریہ

جملہ فعلیہ خبریہ: ایسے جملہ کو کہتے ہیں جس کا پہلا جزء فعل ہو جیسے نَصَرَ اللّٰهُ اللہ نے مدد کی خَلَقَ اللّٰهُ اللہ نے پیدا کیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جملہ انشائیہ:۔ایسے جملہ کو کہتے ہیں جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں جملہ انشائیہ کی دس قسمیں ہیں۔

١۔اَمر جیسے ﴿اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ﴾ (ھود: ١١٤)

٢۔نہی جیسے ﴿لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ﴾(لقمان: ١٣)

٣۔استفہام جیسے ﴿اِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ﴾ (یوسف: ٩٠)

٤۔تمنی جیسے ﴿يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا﴾ (الفرقان: ٢٧)

٥۔ترجی جیسے ﴿لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا﴾ (الطلاق: ١)

٦۔عقود جیسے ﴿بِعْتُ وَاشْتَرَيْتُ﴾

٧۔نداء جیسے ﴿يَا اَللّٰهُ﴾

٨۔عرض جیسے ﴿اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيْبَ خَيْرًا﴾

٩۔قسم جیسے ﴿وَاللّٰهِ لَاَ قْرَأَنَّ الْقُرْاٰنَ﴾

١٠۔تعجب جیسے ﴿مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۵

## علامات اسم

۱۔الف لام اس کے شروع میں ہو جیسے ﴿الحمدُ﴾

۲۔حرف جر اس کے شروع میں ہو جیسے ﴿بزَیْدٍ﴾

۳۔تنوین اس کے آخر میں ہو جیسے ﴿بکرٌ ، خالدٌ﴾

۴۔مسند الیہ ہو جیسے ﴿زیدٌ قَائِمٌ﴾

۵۔مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ

۶۔مصغر ہو جیسے قُرَیْشٌ

۷۔منسوب ہو جیسے مَدَنِیٌّ، مَکِّیٌّ

۸۔تثنیہ ہو جیسے عَالِمَانِ

۹۔جمع ہو جیسے عَالِمُوْنَ

۱۰۔موصوف ہو جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ

۱۱۔تائے تانیث اس کے آخر میں آئے جیسے ﴿مُسْلِمَۃٌ۔ مُؤْمِنَۃٌ﴾

۱۲۔منادیٰ ہو جیسے یا زَیْدُ یا رَجُلُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر۶

## علامات فعل

(۱)قَدْ (۲)سین اور (۳) سوف اس کے شروع میں ہو جیسے قَدْ قَرَأَ سَيَقْرَأُ سَوْفَ يَقْرَأُ۔

(۴)حرف جزم اس کے شروع میں ہو جیسے لم يحفظِ الدرسِ۔

(۵)ضمیر مرفوع متصل اس کے ساتھ ملی ہوئی ہو جیسے ضَرَبْتُ۔ ضَرَبْتَ۔ ضَرَبْتِ

(۶)تائے ساکنہ اس کے آخر میں ہو جیسے عَلِمَتْ

(۷)۔امر ہو جیسے اِحْفَظْ

(۸)نہی ہو جیسے لَاتَكْسِلْ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۷

## علاماتِ حرف

حرف کی علامت یہ ہے کہ اسم اور فعل کی علامات میں سے کسی علامت کو قبول نہ کرے جیسے مِنْ، فِيْ، عَنْ عَلٰی وغیرہ

## تمرین

مندرجہ ذیل آیات سے اسماء افعال اور حروف کو پہچانیے۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ۔ وَالْعَصْرِ o اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ o وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ o لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ۔ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ۔ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى o قَالَتِ امْرَاَةُ فِرْعَوْنَ۔ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَـًٔا۔ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا o وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر۸

آخری حرف کی تبدیلی کے لحاظ سے کلمات کی دو قسمیں ہیں:

## معرب، مبنی

معرب: وہ کلمہ ہے جو مبنی الاصل یعنی ماضی امر اور حرف کے مشابہ نہ ہو اور مختلف عوامل کے آنے کی وجہ سے اس کی آخری حالت مختلف ہو جیسے:

﴿جَاءَ مُحَمَّدٌ رَأَيْتُ مُحَمَّدًا مَرَرْتُ بِمُحَمَّدٍ﴾

مبنی: وہ کلمہ ہے جو حروف سے مشابہ ہو اور مختلف عوامل کے آنے کی وجہ سے اس میں تبدیلی واقع نہ ہو۔ جیسے:

﴿جَاءَ هٰؤُلَآءِ رَأَيْتُ هٰؤُلَآءِ مَرَرْتُ بِهٰؤُلَاءِ﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۹

اعراب: معرب کے آخر میں بدلنے والی حرکت کا نام اعراب ہے۔

محل اعراب: آخری حرف کو محل اعراب کہتے ہیں۔

عامل: جس کی وجہ سے معرب کے آخر میں تبدیلی واقع ہو اسے عامل کہتے ہیں جیسے قَامَ زَيْدٌ میں قَامَ عامل ہے زید معرب ضمہ اعراب اور دال محل اعراب ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۰

## انواع الاعراب

انواع الاعراب گیارہ ہیں:

۱۔مفرد منصرف صحیح۔جیسے: زَیْدٌ

۲۔مفرد منصرف جاری مجری صحیح۔جیسے: دَلْوٌ ظَبْیٌ

۳۔جمع مکسر منصرف۔جیسے: رِجَالٌ

یہ تینوں حالت رفعی میں ضمہ، حالت نصبی میں فتحہ اور حالت جری میں کسرہ کے ساتھ ہوں گے جیسے "هٰذَا زَیْدٌ رَاَیْتُ زَیْدًا وَ مَرَرْتُ بِزَیْدٍ هٰذَا دَلْوٌ ظَبْیٌ وَرَاَیْتُ دَلْوًا وَظَبْیًا وَ مَرَرْتُ بِدَلْوٍ وَظَبْیٍ" هٰؤُلَاءِ رِجَالٌ وَرَاَیْتُ رِجَالًا وَمَرَرْتُ بِرِجَالٍ۔

۴۔جمع مؤنث سالم۔حالت رفعی میں ضمہ اور حالت نصبی و جری میں کسرہ کے ساتھ جیسے: هُنَّ مُسْلِمَاتٌ رَأَیْتُ مُسْلِمَاتٍ مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ

۵۔غیر منصرف حالت رفعی میں ضمہ اور حالت نصبی و جری میں فتحہ کے ساتھ جیسے جَاءَ عُمَرُ رَاَیْتُ عُمَرَ مَرَرْتُ بِعُمَرَ۔

۶۔اسماء ستہ مکبرہ اَبٌ۔ اَخٌ حَمٌ۔ فَمٌ۔ هَنٌ اور ذُوْ جب یہ غیر یائے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



متکلم کی طرف مضاف ہوں تو حالت رفعی واوٗ کے ساتھ حالت نصبی الف کے ساتھ اور حالت جری یا کے ساتھ ہوگی جیسے جَاءَ اَبُوْكَ رَاَيْتُ اَبَاكَ وَمَرَرْتُ بِأَبِيْكَ۔

۷۔ تثنیہ۔ اِثْنَانِ، اِثْنَتَانِ اور کِلَا وَ کِلْتَا

حالت رفعی الف کے ساتھ اور حالت نصبی وجری یائے ماقبل مفتوح کے ساتھ جیسے جَاءَنِی الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا وَاثْنَانِ وَ اثْنَتَانِ

رَاَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا وَاثْنَيْنِ وَاثْنَتَيْنِ

مَرَرْتُ بِالرَّجُلَيْنِ كَلَيْهِمَا وَاثْنَيْنِ وَاثْنَتَيْنِ

## ۸۔ جمع مذکر سالمؔ اولوا اور عشرون مع اخواتها

حالت رفعی واوٗ ماقبل مضموم اور حالت نصبی جری یائے ماقبل مکسور کے ساتھ جیسے: جَاءَنِی مُسْلِمُوْنَ وَعِشْرُوْنَ وَاُولُوْ مَالٍ رَاَيْتُ مُسْلِمِيْنَ وَعِشْرِيْنَ وَ اُولِیْ مَالٍ مَرَرْتُ بِمُسَلِمِيْنَ وَعِشْرِيْنَ وَاُولِیْ مَالٍ۔

## ۹۔ اسم مقصور اور اس اسم کا اعراب جو یائے متکلم کی طرف مضاف ہو

(اسم مقصور وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو)

حالت رفعی ضمہ تقدیری حالت نصبی فتحہ تقدیری اور حالت جری کسرہ تقدیری کے ساتھ جیسے: جَاءَ مُوْسٰی وَ غُلَامِیْ، رَاَيْتُ مُوْسٰی وَغُلَامِیْ، مَرَرْتُ بِمُوْسٰی وَ غُلَامِیْ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۱۰۔اسم منقوص ''جس کے آخر میں یا ما قبل مکسور ہو''

حالت رفعی ضمہ تقدیری حالت نصبی فتحہ لفظی اور حالت جری کسرہ تقدیری کے ساتھ جیسے جَاءَ الْقَاضِیْ، رَاَیْتُ الْقَاضِیَ مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ۔

۱۱۔جمع مذکر سالم جب یائے متکلم کی طرف مضاف ہو۔

حالت رفعی میں واؤ تقدیری اور نصبی' جری میں یائے لفظی کے ساتھ جیسے جَاءَ نِیْ مُسْلِمِیَّ رَاَیْتُ مُسْلِمِیَّ مَرَرْتُ بِمُسْلِمِیَّ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۱

## منصرف اور غیر منصرف

اسم معرب کی دو قسمیں ہیں:

(۱) منصرف: وہ اسم ہے جس میں اسباب منع صرف میں سے کوئی سبب نہ ہو جیسے: زیدٌ

(۲) غیر منصرف: وہ اسم ہے جس میں اسباب منع صرف میں سے دو سبب یا ایک سبب جو دو کے قائم مقام ہو پایا جائے جیسے ابراہیم۔ طلحہ۔ مساجد اور احمد وغیرہ

## اسباب منع صرف نو ہیں

عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب وزن فعل اور الف نون زائدتان۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۲

## تعریف اور تنکیر کے لحاظ سے اسم کی اقسام

### ا۔ معرفہ:

وہ اسم ہے جو کسی خاص اور معین چیز پر دلالت کرے جیسے زَیْدٌ، خَالِدٌ، اَلْقَلَمُ، اَلْکِتَابُ

### ۲۔ نکرہ:

وہ اسم ہے جو عام اور غیر معین چیز پر دلالت کرے جیسے ورق۔ کتاب۔ کراسۃ۔ وغیرہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۲

## جنس کے لحاظ سے اسم کی اقسام

۱۔ مذکر: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث نہ ہو جیسے رَجُلٌ، وَلَدٌ وغیرہ

۲۔ مؤنث: وہ اسم ہے جس میں علامت تانیث ہو جیسے اِمْرَاَةٌ

### علامات تانیث

۱۔ گول حرف ''ۃ'' خواہ حقیقتاً ہو جیسے طَلْحَۃُ، اِبْنَۃٌ وغیرہ

یا حکماً ہو جیسے عقرب

۲۔ الف مقصورہ۔ جیسے: حُبْلٰی۔ مُوْسٰی۔ عِیْسٰی

۳۔ الف ممدودہ۔ جیسے: حَمْرَآءُ۔ بَیْضَآءُ۔ صَحْرَآءٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۴

## باعتبار عدد اسم کی اقسام

۱۔واحد: وہ اسم ہے جو ایک چیز پر دلالت کرے جیسے وَلَدٌ (ایک لڑکا) بِنْتٌ (ایک لڑکی)

۲۔تثنیہ: وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے جیسے رَجُلَانِ، کِتَابَانِ، قَلَمَانِ

۳۔جمع: وہ اسم ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے جیسے رِجَالٌ۔ کُتُبٌ۔ اَقْلَامٌ۔

جمع کی دو قسمیں ہیں:

### (۱) جمع سالم:

ا۔جمع سالم: وہ ہے جس میں واحد کی بناء قائم رہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ۔

### (۲) جمع مکسر:

۲۔جمع مُکَسَّر: وہ ہے جس میں واحد کی بنا قائم نہ رہے جیسے قَوْلٌ سے اَقْوَالٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۵

## مرفوعات

مرفوعات آٹھ ہیں:

۱۔فاعل ۲۔نائب فاعل ۳۔مبتدا ۴۔خبر

۵۔حروف مشبہ بالفعل (اِنَّ اَنَّ کَانَّ لَیتَ لٰکِنَّ لَعَلَّ) کی خبر

۶۔ماولامشبہتان بلیس کا اسم

۷۔افعال ناقصہ [کَانَ صَارَ وغیرہ] کا اسم

۸۔لائے نفی جنس کی خبر۔

۱۔فاعل: اس اسم مرفوع کو کہتے ہیں جس سے پہلے ایک فعل ہو اور وہ کام کرنے والے پر دلالت کرے جیسے صلى زيد، قرأ عمرو۔

ترکیب: "صَلّٰی" فعل "زَیْدٌ" فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔"قَرَأَ" فعل "عَمْرٌو" فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** آیات ذیل سے فعل اور فاعل الگ کیجئے۔

قال تعالی: ﴿قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا﴾ ۔ ﴿وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ﴾ ۔ ﴿قَالَتِ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْاَعْرَابُ آمَنَّا﴾۔ ﴿اِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾۔ ﴿وَاِذِابْتَلٰی اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمَاتٍ﴾ ۔ ﴿فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ﴾۔ ﴿فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ﴾

## ۲۔نائب فاعل/مفعول مالم یسم فاعلہ

نائب فاعل اس مفعول کو کہتے ہیں جس کا فاعل حذف کر کے مفعول کو فاعل کا اعراب دیا گیا ہو۔ جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ۔اس مثال میں "زَیْدٌ" مفعول ہے اس کو فاعل کی جگہ لا کر اس کا اعراب دیا گیا۔

## ۲۔ترکیب

"ضُرِبَ" فعل ماضی مجہول "زَیْدٌ" نائب فاعل۔فعل مجہول' اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** آیات ذیل سے فعل مجہول اور نائب فاعل الگ کیجئے

﴿الٓمّٓ۔ غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾ ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ﴾

﴿حُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُوْدُهٗ﴾ ﴿يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ﴾

﴿لَنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ﴾ ﴿وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ﴾

﴿لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ﴾ ﴿قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ﴾

## ۳۔مبتدا' خبر

جملہ اسمیہ کے پہلے جزء کو مبتداء اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں جیسے زیدٌ عالمٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ترکیب: زید مبتدا۔ عالم خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** عبارات ذیل سے مبتدا اور خبر واضح کیجیے۔

اَللّٰهُ رَبُّنَا۔ مُحَمَّدٌ نَّبِيُّنَا۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اَلْقُرْآنُ كِتَابُنَا۔ اَلْكَعْبَةُ قِبْلَتُنَا۔ اَلْإِسْلَامُ دِيْنُنَا نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ۔ عَائِشَةُ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ۔ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ۔ اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ قَيِّمٌ۔ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ۔ اَحْسَنُ الْهُدٰى هُدٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

## ۴۔ حروف مشبہ بالفعل کی خبر

حروف مشبہ بالفعل چھ ہیں اِنَّ، اَنَّ، كَاَنَّ، لٰكِنَّ، لَيْتَ اور لَعَلَّ یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں جیسے اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ

ترکیب: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل۔ زیدًا اس کا اسم۔ قائم خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** آیات وعبارات ذیل سے حروف مشبہ بالفعل کے اسم اور خبر الگ الگ بیان کریں۔

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ۔ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔ اِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ۔ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ۔ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ۔ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَلَا لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ یَوْمًا
فَاُخْبِرَہٗ بِمَا فَعَلَ الْمَشِیْبُ

## ۵۔ افعال ناقصہ کا اسم

افعال ناقصہ تیرہ ہیں۔ کَانَ۔ صَارَ۔ اَصْبَحَ۔ اَمْسٰی۔ اَضْحٰی۔ ظَلَّ۔ بَاتَ۔ مَافَتِئَ۔ مَا انْفَكَّ۔ لَیْسَ۔ مَا بَرِحَ اور مَازَالَ۔ یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں جیسے کَانَ زَیْدٌ عَالِمًا

ترکیب: کَانَ فعل ناقص۔ زَیْدٌ اس کا اسم۔ عَالِمًا خبر۔ کَانَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

آیات اور عبارات ذیل سے افعال ناقصہ کا اسم اور خبر واضح کریں۔

(۱) ﴿كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا﴾ (۲) ﴿كَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا۔﴾

(۳) ﴿كَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا۔﴾ (۴) ﴿مَازِلْتُمْ فِیْ شَكٍّ۔﴾

(۵) ﴿لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ۔﴾ (۷) ﴿وَلَوْ بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰی﴾

(۸) ﴿ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِیْمٌ۔﴾

## ما ولا مشبہتین بلیس کا اسم

یہ دونوں مبتداء اور خبر پر داخل ہو کر مبتداء کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں

جیسے مَا زَیْدٌ قَائِمًا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ترکیب:

مامشابہ لیس زید اس کا اسم قائمًا خبر

مامشابہ لیس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** آیات ذیل سے ماولا کا اسم اور خبر واضح کریں۔۔

(۱) مَا هٰذَا بَشَرًا۔ (۲) مَا هُنَّ اُمَّهَاتِهِمْ

(۳) مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ (۴) مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ

## ۷۔ لائے نفی جنس کی خبر

یہ لا نکرہ پر داخل ہو کر جنس کی نفی کرتا ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے

جیسے لَا رَجُلَ قَائِمٌ

ترکیب: ''لا'' لائے نفی جنس۔ ''رجل'' اس کا اسم۔ ''قائم'' اس کی خبر۔

لائے نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**تمرین:** آیات وعبارات سے لائے نفی جنس کے اسم اور خبر ظاہر کیجئے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فَاعْبُدُوْنِ۔

لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔

لَا اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۔

لَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قاعدہ نمبر ۱۶

## منصوبات

منصوبات بارہ ہیں:

(۱) مفعول مطلق (۲) مفعول بہ (۳)مفعول لہ (۴) مفعول معہ (۵)مفعول فیہ(۶) حال (۷) تمیز (۸) ان وغیرہ کا اسم (۹) ماولا مشابہ بلیس کی خبر (۱۰) لائے نفی جنس کا اسم ۔(۱۱) کان وغیرہ کی خبر (۱۲) مستثنیٰ

(۱)مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جو فعل کے بعد آئے اور وہ مصدر اسی فعل کا ہم معنی ہو یہ مفعول تین طرح سے مستعمل ہے۔

۱۔تاکید کے لئے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا

۲۔بیان نوع کے لئے جیسے جَلَسْتُ جِلْسَةَ الْقَارِئ

۳۔بیان عدد کے لئے جیسے جَلَسْتُ جَلْسَةً اَوْ جَلْسَتَيْنِ

اگر قرینہ موجود ہو تو مفعول مطلق کا فعل حذف کر دیا جاتا ہے جیسے سَقْيًا۔ شُكْرًا۔ حَمْدًا۔ رَعْيًا۔ اصل کلام یوں ہے:۔سَقَاكَ اللّٰهُ سَقْيًا۔ وَشَكَرْتُكَ شُكْرًا۔ وَحَمِدْتُكَ حَمْدًا۔ رَعَاكَ اللّٰهُ رَعْيًا

ترکیب ضَرَبْتُ ضَرْبًا

ضَرَبْتُ فعل فاعل ضَرْبًا مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

آیات سے مفعول مطلق پہچانئے۔

(۱) ﴿وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا﴾ (۲) ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ﴾
(۳) ﴿نَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ﴾ (۴) ﴿فَمَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ﴾
(۵) ﴿أَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا﴾ (۶) ﴿كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا﴾
(۸) ﴿حَاسَبْنَاهَا حِسَابًا يَّسِيْرًا﴾

## ۲۔ مفعول بہ

وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًوا

## ترکیب

ضَرَبَ فعل زَیْدٌ فاعل عَمْرًوا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

مندرجہ ذیل جملوں میں سے مفعول بہ پہچانیے۔

(۱) ﴿يَجْعَلُوْنَ أَصَابِعَهُمْ فِيْ آذَانِهِمْ﴾

(۲) ﴿لَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) ﴿وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ﴾

(۴) ﴿اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا﴾

(۵) ﴿اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ﴾

(۶) ﴿وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ﴾

(۷) ﴿مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَا اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا﴾

(۸) ﴿وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ﴾

(۹) ﴿وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا﴾

## (۳) مفعول فیہ

اس زمان یا مکان کو کہتے ہیں جس میں فعل واقع ہوا ہو اس کو ظرف بھی کہتے ہیں ظرف کی دو قسمیں ہیں۔

### ا۔ ظرف زمان:

جس میں وقت کے معنی ہوں جیسے صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

### ترکیب:

صُمْتُ فعل وفاعل يَوْمَ مضاف الْجُمُعَةِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا۔ صُمْتُ کا فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ۲۔ظرف مکان:

جس میں جگہ کے معنی ہوں جیسے جَلَسْتُ فِی الدَّارِ

## ترکیب:

جَلَسْتُ فعل وفاعل فی جار الدار مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا جَلَسْتُ فعل کا۔ جَلَسْتُ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

آیات ذیل سے ظرف زمان اور ظرف مکان واضح کیجیے۔

(۱) ﴿وَسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا﴾

(۲) ﴿فَنَادٰهَا مِنْ تَحْتِهَا﴾

(۳) ﴿وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا﴾

(۴) ﴿تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ﴾

(۵) ﴿اِنِّىْ دَعَوْتُ قَوْمِىْ لَيْلًا وَّ نَهَارًا﴾

(۶) ﴿قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا﴾

(۷) ﴿اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ﴾

(۸) ﴿وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ۴۔ مفعول لہ/مفعول لأ جلہ

مفعول لہ وہ اسم منصوب ہے جو وقوع فعل کا سبب ظاہر کرے جیسے ضَرَبْتُہٗ تَأْدِیْبًا۔

ترکیب:۔ ضربت فعل فاعل ''ہ'' ضمیر مفعول بہ تادیبا۔ مفعول لہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

مفعول لہ کو پہچانئے۔

(۱) ﴿لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ خَشْیَةَ اِمْلَاقٍ۔﴾

(۲) ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ﴾

(۳) ﴿وَالَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ۔﴾

(۴) ﴿مَنْ قَامَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔﴾

(۵) ﴿سَافَرْتُ رَغْبَةً فِی الْعِلْمِ۔﴾

## ۵۔ مفعول معہ

وہ اسم ہے جو واو بمعنی مع کے بعد واقع ہو جیسے جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ ای مَعَ الْجُبَّاتِ۔

ترکیب: جاء فعل البرد فاعل واؤ بمعنی معہ الجبات مفعول معہ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فعل اپنے فاعل اور مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

عبارات ذیل سے مفعول معہ ظاہر کیجئے۔

(۱) ﴿اَجْمِعُوْا اَمْرَکُمْ وَشُرَکَائَکُمْ﴾ (۲) ﴿جَاءَ الْاَمِیْرُ وَالْجَیْشَ﴾ (۳) ﴿اِسْتَوٰی الْمَاءُ وَ الْخَشَبَةَ﴾ (۴) ﴿سِرْتُ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ﴾ (۵) ﴿حَضَرَ خَالِدٌ وَ غُرُوْبَ الشَّمْسِ﴾ (۶) ﴿کَیْفَ اَنْتَ وَامْتِحَانَ﴾ (۷) ﴿سَارَ التِّلْمِیْذُ وَالْکِتَابَ﴾

۶۔حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی ہیئت بیان کرے فاعل کی ہیئت بیان کرنے کی مثال جَاءَ زَیْدٌ رَاکِبًا

ترکیب: جآء فعل زید ذوالحال راکبًا حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل ہوا جآء فعل کا۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مفعول کی ہیئت بیان کرنے کی مثال شربت الْمَاءَ صَافِیًا اس مثال میں الماء مفعول بہ ہے اور اس مفعول کی ہیئت بیان کی گئی ہے۔

فاعل اور مفعول دونوں کی ہیئت بیان کرنے کی مثال لقیت زیدا راکبین اس مثال میں راکبین حال ہے جس میں فاعل اور مفعول دونوں کی ہیئت بیان کی گئی ہے۔

تمرین آیات ذیل سے اسم حال ظاہر کیجئے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱) ﴿وَاٰتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا﴾ (۲) ﴿رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا﴾
(۳) ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا﴾ (۴) ﴿اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا﴾
(۵) ﴿اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَ قُعُوْدًا﴾ (۶) ﴿خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾
(۷) ﴿فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِنْ قَوْلِهَا﴾ (۸) ﴿تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ﴾

## ۷۔ تمیز:

وہ اسم نکرہ ہے جو عدد، کیل وزن مساحت اور کبھی جملوں کے ابہام کو دور کرنے کے لئے آتا ہے جیسے رَاَيْتُ اَحَدَعَشَرَ كَوْكَبًا

ترکیب:۔ رایت فعل فاعل احدعشر ممیّز کوکبا تمیز ممیّز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ ہوا رَاَيْتُ فعل کا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## تمرین:

آیات ذیل سے اسم تمیز ظاہر کیجئے۔

(۱) ﴿فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا﴾

(۲) ﴿اَىُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا﴾

(۳) ﴿سَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا﴾

(۴) ﴿فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا﴾

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۵) ﴿وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيْمَانًا﴾

(٦) ﴿وَالَّذِيْنَ آمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ﴾

(٧) ﴿إِنَّ هٰذَا اَخِيْ لَهُ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً﴾

## ۸۔ مستثنیٰ

وہ اسم ہے جسے ''إِلَّا'' یا دوسرے حروف استثنا کے ذریعے ماقبل کے حکم سے خارج کیا جائے حروف استثنا کے الفاظ آٹھ ہیں۔

إِلَّا، غَيْرَ، سِوىٰ، حَاشَا، خَلَا، عَدَا، مَاخَلَا، مَاعَدَا مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں

۱۔ مستثنیٰ متصل: وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کی جنس سے ہو جیسے جَآءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا خَالِدًا۔

۲۔ مستثنیٰ منقطع: وہ ہے جو مستثنیٰ منہ کی جنس سے نہ ہو جیسے جَآءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا حِمَارًا۔

(۳) مستثنیٰ مفرغ: وہ ہے جس میں مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو جیسے جَآءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا۔

(۴) مستثنیٰ غیر مفرغ: وہ ہے جس میں مستثنیٰ منہ مذکور ہو جیسے جَآءَنِي الْقَوْمُ إِلَّا زَيْدًا۔

(۵) کلام موجب: وہ ہے جس میں نفی نہی استفہام موجود نہ ہو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(٦) کلام غیر موجب:۔ وہ ہے جس میں نفی نہی استفہام موجود ہو۔

## مستثنیٰ کا اعراب

ا۔ مستثنیٰ متصل یا منقطع کلام موجب میں الا کے بعد واقع ہو تو منصوب ہوگا جیسے جَآءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا۔ جَآءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا
مستثنیٰ مستثنیٰ منہ سے مقدم ہو تو بھی منصوب ہوگا جیسے جَآءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا اَحَدٌ۔

۲۔ مستثنیٰ خلا یا عدا کے بعد آئے تو اکثر کے نزدیک منصوب ہوتا ہے۔ جیسے جَآءَنِی الْقَوْمُ خَلَا زَیْدًا وَعَدَا زَیْدًا۔ مجرور پڑھنا بھی جائز ہے البتہ ماخلا ماعدا ہو تو منصوب ہوگا۔

۳۔ مستثنیٰ الا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو تو نصب اور ابدال دونوں جائز ہیں۔ جیسے مَا جَآءَنِی اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا اِلَّا زَیْدٌ

۴۔ مستثنیٰ مفرغ اِلَّا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو اور مستثنیٰ منہ غیر مذکور ہو تو اس کا اعراب عوامل کے مطابق ہو' مثلاً مَا جَآءَنِی اِلَّا زَیْدٌ۔ مَا رَاَیْتُ اِلَّا زَیْدًا۔ مَا مَرَرْتُ اِلَّا بِزَیْدٍ۔

